نہم گوجرانوالہ بورڈ 2014

تاریخ اسلام | پرچہ I (انشائی)

وقت: 2.10 گھنٹے | کل نمبر: 60

نوٹ: حصہ اول لازمی ہے۔ حصہ دوم کے کوئی سے تین (3) سوالوں کے جوابات لکھئے۔

(حصہ اول)

-2 کوئی سے چھ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجئے: (6×2=12)

(i) دارالندوہ سے کیا مراد ہے؟

(ii) حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے والد اور دادا کا نام لکھئے۔

(iii) عام الحزن سے کیا مراد ہے؟

(iv) حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو خندق کھودنے کا مشورہ کس نے دیا اور خندق کتنی گہری تھی؟

(v) ورقہ بن نوفل کون تھا؟

(vi) غزوۂ احد میں مسلمانوں نے کیا غلطی کی؟

(vii) عقبہ اولیٰ سے کیا مراد ہے؟

(viii) عرب اپنی زبان کے بارے میں کیا نظریہ رکھتے تھے؟

(ix) عورتوں میں سب سے پہلے کون اسلام لایا اور اس کا حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا رشتہ تھا؟

-3 کوئی سے چھ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجئے: (6×2=12)

(i) دو جھوٹے مدعیانِ نبوت کے نام لکھئے۔

(ii) اللہ تعالیٰ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی رحمت کے بارے میں کیا ارشاد فرمایا؟

(iii) حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تجہیز و تکفین سے پہلے ہی کونسا مسئلہ کھڑا ہو گیا تھا؟

(iv) سجاح بنت حارث کون تھی اور اس نے کس کے ساتھ شادی کی؟

(v) حضرت عثمانؓ کا تعلق کس قبیلہ سے تھا؟

(vi) شاہ حبشہ کا اصل نام کیا تھا؟

(vii) کوفہ شہر کس نے تعمیر کیا؟

(viii) ایرانی فوج کا سپہ سالار رستم کس جنگ میں مارا گیا؟

(ix) عبداللہ بن سبا کون تھا؟

-4 کوئی سے چھ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجئے: (6×2=12)

(i) شہادت حضرت عثمانؓ کے وقت کس نے آپؓ کو داڑھی مبارک سے پکڑا تھا؟

(ii) حضرت عمرؓ فاروق کے قاتل کا کیا نام تھا اور وہ کہاں کا رہنے والا تھا؟

(iii) حضرت خالدؓ بن ولید نے تقریباً کتنی جنگوں میں حصہ لیا؟

(iv) حضرت ابوبکرؓ نے فتح شام کیلئے کتنے لشکر تیار کئے؟

(v) حضرت امام حسنؓ نے کتنا عرصہ خلافت کی؟

(vi) مکہ کی شہری ریاست کا سربراہ کون تھا؟

(vii) ام حبیبہؓ کون تھیں اور ان کا حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا رشتہ تھا؟

(viii) ہرقل کون تھا؟

(ix) جنگ جمل کب اور کن کے درمیان ہوئی؟

(حصہ دوم)

-5 ہجرت مدینہ کے اسباب اور اہمیت پر روشنی ڈالیے۔ 8

-6 جنگ بدر کی وجوہات اور واقعات بیان کیجئے۔ 8

-7 بطور ''منتظم سلطنت''، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے کارناموں پر روشنی ڈالیے۔ 8

-8 حضرت عمرؓ فاروق کے دور کی اہم فتوحات کا ذکر کیجیے۔ 8

-9 درج ذیل پر مختصر نوٹ لکھئے: 8

(الف) جنگِ صفین (ب) ابوموسیٰ اشعری

www.ilmkidunya.com